# 31-10-2024 THURSDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں :

☆ سردار پٹیل کا 150 واں یوم پیدائش آج قومی یکجہتی کے طور پر منایا گیا۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے عوام کو تفرقہ پسند طاقتوں کے خلاف چوکنا کیا ہے۔

☆ کینندریا گرہا منتری دکشتا پدک کے لئے منتخب عہدیداروں میں تلنگانہ کے تلنگانہ کے عہدیدار بھی شامل ہیں۔

☆ روشنیوں کا تہوار دیوالی آج جوش و خروش کے ساتھ منایا جا رہا ہے۔

☆ مرکزی وزیر کشن ریڈی نے نیم فوجی جوانوں کے ساتھ آج دیوالی منائی۔

☆☆☆☆☆

مرکزی وزیر کشن ریڈی نے آج نیم فوجی جوانوں کے ساتھ دیوالی منائی۔ انہوں نے اپنی شریک حیات کاویا کے ہمراہ جوانوں میں مٹھیاں تقسیم کیں۔ اس موقع پر انہوں نے پیراملٹری جوانوں کی خدمات کی ستائش کی۔ کشن ریڈی نے کہا کہ پیراملٹری جوان عوام کی سلامتی اور ملک کی سکیورٹی کیلئے پوری محنت و لگن کے ساتھ کام کر رہے ہیں اور ان کے ساتھ دیوالی منانا ان کے لئے قابل مسرت ہے۔

☆☆☆☆☆

حیدرآباد میں ہوا کے معیار میں حالیہ دنوں کے دوران قابل لحاظ گراوٹ آئی ہے۔ ہوا کا معیار اوسط اور خراب زمروں کے بیچ درج کیا جا رہا ہے۔ معیار میں گراوٹ گزشتہ ایک ہفتہ کے دوران درج کی گئی۔ اس مہینہ کی 28 تاریخ کو ہوا کا معیار ناقص زمرہ میں داخل ہوگیا۔ موٹر گاڑیوں کی آمد و رفت اور تجارتی سرگرمیوں میں اضافہ کی وجہ سے ہوا کے معیار میں گراوٹ آ رہی ہے۔ گزشتہ ایک مہینہ کے دوران ہوا کے معیار میں خاصی تبدیلی درج کی گئی ہے۔ 17 اکتوبر کو ایئر کوالٹی انڈیکس تیس درج کیا گیا جو کہ بہترین ہے تاہم 28 اکتوبر کو AQY 104 درج کیا گیا۔ اس وقت AQY کی سطح 83 ہے جو کہ اوسط مانی جاتی ہے۔

☆☆☆☆☆

بھارت کے مرد آہن سردار ولبھ بھائی پٹیل کا 150 واں یوم پیدائش آج قومی یوم یکجہتی کے طور پر منایا جا رہا ہے۔ اس موقع پر کئی مقامات پر اتحاد کے عہد لئے گئے۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے گجرات میں کیواڈیا کے مقام پر سردار پٹیل کے اسٹیاچیو آف یونٹی پر خراج عقیدت پیش کیا۔ انہوں نے اتحاد کے جذبہ کی ضرورت پر زور دیا اور ملک کی عوام کو ان تفرقہ پسند طاقتوں کے خلاف چوکنا کیا جو ملک کی سالمیت کو توڑنا چاہتے ہیں۔ وزیر اعظم نے شہریوں سے کہا کہ وہ چوکنا رہیں اور کثرت میں وحدت کے ہندوستانی جذبہ کو قبول کریں۔ ملک کے اتحاد کیلئے انہوں نے سردار پٹیل کی گراں قدر خدمات کا تذکرہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ سردار پٹیل کا 150 واں یوم پیدائش آئندہ دو سال تک ملک بھر میں منایا جائے گا۔

☆☆☆☆☆

امکان ہے کہ تلنگانہ اسٹیٹ بورڈ آف انٹرمیڈیٹ ایجوکیشن انٹرمیڈیٹ امتحان کی فیس میں قابل لحاظ اضافہ کر دے گا۔ اس سلسلہ میں آئندہ ہفتہ نوٹیفکیشن جاری کئے جانے کا امکان ہے۔ امتحان کی فیس جو اس وقت پانچ سو روپے ہے تین گنا بڑھا کر ایک ہزار پانچ سو روپئے کر دیئے جانے کا امکان ہے۔ فیس کے نئے ڈھانچے پر آئندہ سال مارچ میں ہونے والے امتحان سے عمل آوری ہوگی۔

☆☆☆☆☆

انڈین ریلویز تہوار کے موقع پر مسافرین کی سہولت کیلئے ملک بھر میں خصوصی ٹرینیں چلا رہا ہے۔ تہواروں کے سیزن میں لاکھوں مسافرین کو سفر کی سہولت فراہم کرنے کیلئے ہر سال ریلویز خصوصی ٹرینیں چلاتا ہے۔ گزشتہ سال کے مقابلے خصوصی ٹرینوں میں 2 ہزار 800 ٹرینوں کا اضافہ کیا گیا ہے۔ گزشتہ سال چار ہزار پانچ سو ٹرینیں چلائی گئی تھیں۔

☆☆☆☆☆

سال 2024 کے لئے مختلف ریاستوں اور مرکزی زیر انتظام علاقوں، سنٹرل آرمڈ پولیس فورسیس اور پولیس کے مرکزی اداروں کے 463 ملازمین کو کیندریہ گرہا منتری دکشتا پدک سے نوازا گیا ہے۔ آندھراپردیش کے دو ایس پیز، تلنگانہ کا ایک ایس پی اور دونوں تلگو ریاستوں کے کئی پولیس کانسٹبلس کو یہ ایوارڈ حاصل ہوا ہے۔ مرکزی وزارت داخلہ نے اس سال یکم فروری کو یہ ایوارڈ شروع کیا تھا۔ وزارت داخلہ نے بتایا کہ ہر سال 31 اکتوبر کو سردار ولبھ پٹیل کے یوم پیدائش کے موقع پر یہ ایوارڈ دیا جارہا ہے۔ پولیس فورسیس، سکیورٹی تنظیموں، انٹلیجنس ونگ اور نیشنل سکیورٹی گارڈ کے ارکان کو ان کی خدمات کے اعتراف کے طور پر ایوارڈس پیش کئے جائیں گے۔

☆☆☆☆☆

حیدرآباد کی بھاگیہ لکشمی مندر کو آج دیوالی کے موقع پر ایودھیا کی رام مندر کی طرح سجایا گیا ہے۔ کئی عقیدت مندوں نے آج چار مینار کے قریب واقع اس مندر کا دورہ کیا۔ گورنر جیشنو دیو ورما نے بھی آج صبح مندر میں پوجا کی۔ رکن اسمبلی راجہ سنگھ نے بھی اس مندر کا دورہ کیا۔

☆☆☆☆☆

چیف منسٹر ریونت ریڈی نے سابق وزیر اعظم اندرا گاندھی کو آج ان کی برسی کے موقع پر خراج عقیدت پیش کیا۔ انہوں نے سابق نائب وزیر اعظم سردار ولبھ بھائی پٹیل کو بھی ان کے یوم پیدائش کے موقع پر خراج عقیدت پیش کیا۔ چیف منسٹر نے جوبلی ہلز میں اپنی قیام گاہ پر دونوں قائدین کی تصویروں پر پھول چڑھائے۔ اس موقع پر ریاستی وزیر کومٹ ریڈی وینکٹ اور دوسرے موجود تھے۔

☆☆☆☆☆

روشنیوں کا تہوار آج روایتی جوش وخروش کے ساتھ منایا جارہا ہے۔ یہ تہوار بدی پر نیکی کی فتح کی علامت سمجھا جاتا ہے۔ پوری ریاست میں جشن سا ماحول نظر آرہا ہے۔ مکانات کے داخلی راستوں کو رنگین قمقموں سے منور کیا گیا ہے۔ مٹی کے روایتی دیوں میں روشنی جلائی گئی ہے۔ شام ہوتے ہی بچے اور بڑے آتشبازی شروع کردیں گے۔ دونوں شہروں میں پٹاخوں کی دکانوں پر کافی ہجوم دیکھا جارہا ہے۔ اس دوران حیدرآباد پولیس نے وضاحت کی ہے کہ سڑکوں اور عوامی مقامات پر آتشبازی کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ پولیس نے بتایا کہ شدید شور والے پٹاخوں پر پابندی لگائی گئی۔ گورنر جیشنو دیو ورما اور چیف منسٹر ریونت ریڈی نے دیوالی کے موقع پر عوام کو مبارکباد دی ہے۔

☆☆☆☆☆

چیف منسٹر ریونت ریڈی نے ترو ملا تروپتی دیواستھانم کی گورننگ کونسل کے نئے صدرنشین کی حیثیت سے بی آر نائیڈو کے تقرر پر مبارکباد دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ چوبیس رکنی ٹی ٹی ڈی گورننگ کونسل میں تلنگانہ کے پانچ ارکان شامل ہیں۔ ان افراد کے نام یہ ہیں۔ این نرسمہی ریڈی، بی مہیندر ریڈی، وائی سوچیترا، اے رنگا سری اور آنند سائی۔

☆☆☆☆☆

سردار پٹیل کو آج ان کے 150 یوم پیدائش کے موقع پر خراج عقیدت پیش کیا گیا۔ ریاست میں مختلف مقامات پر اتحاد کے حلف لئے گئے۔ سنگاریڈی کلکٹریٹ پر کئی عہدیداروں نے سردار پٹیل کی تصویر پر پھول چڑھا کر انہیں خراج عقیدت پیش کیا۔ راجنا سرسلہ ضلع کے یوتھ اور اسپورٹس محکمہ کی جانب سے منعقدہ پروگرام میں ضلع کلکٹر اجمیر رام داس نے سردار پٹیل کی خدمات کو یاد کیا۔ بھدرادری کتہ گوڑم ضلع میں ضلع کلکٹر جتیش وی پاٹل نے کلکٹریٹ میں سردار پٹیل کے مجسمہ کو پھول چڑھائے اور عہدیداروں اور عملہ کے دیگر اراکین کو اتحاد کا حلف دلایا۔ ولبھ بھائی پٹیل کا یوم پیدائش آصف آباد میں ڈی پی او کے دفتر میں جوش وخروش کے ساتھ منایا گیا۔ ان تقاریب میں ضلع کے ایس پی ڈی وی سرینواس راؤ نے پولیس عملہ کو اتحاد کا حلف دلایا۔ میدک کے ضلع کلکٹر راہول راج نے بھی آئی ڈی او سی دفتر میں سردار پٹیل کو خراج عقیدت پیش کیا۔

☆☆☆☆☆

مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے سنٹر فار ڈسٹنس اینڈ آن لائن ایجوکیشن نے پوسٹ گریجویٹ، انڈر گریجویٹ، ڈپلوما اور سرٹیفکیٹ کورسیس میں داخلوں کیلئے درخواستیں طلب کی ہیں۔ آن لائن درخواستیں پیش کرنے کی آخری تاریخ 10 نومبر ہے۔

مشہور لیبر یونین AITUC کی 105 سالہ تقاریب سنگاریڈی میں جوش وخروش کے ساتھ منعقد ہوئیں۔اس موقع پر AITUC کے ڈسٹرکٹ جنرل سکریٹری بوئنی پرساد نے پرچم لہرایا۔انہوں نے جدوجہد سے بھرپور AITUC کی تاریخ کا تذکرہ کیا اور مرکزی حکومت سے مطالبہ کیا کہ وہ ان 44 قوانین کو بحال کرے جو مزدوروں نے سخت جدوجہد کے بعد حاصل کئے تھے۔

☆☆☆☆☆

تلنگانہ بی سی کمیشن کا ایک وفد کل کریم نگر کا دورہ کرے گا اور مجالس مقامی میں تحفظات کے سلسلہ میں سیاسی جماعتوں،تنظیموں اور عوام سے رائے طلب کرے گا۔راجنا سرسلہ ضلع کے کلکٹر سندیپ کمار جھا نے دلچسپی رکھنے والے عوام سے کہا ہے کہ وہ کریم نگر جا کر اپنی رائے پیش کریں۔

☆☆☆☆☆

کریم نگر ضلع کلکٹریٹ میں قومی یوم اتحاد منایا گیا۔ضلع کلکٹر پامیلا ستپتی نے سردار پٹیل کی تصویر پر پھول چڑھائے۔

☆☆☆☆☆

یادادری بھونگیر ضلع کے ولی گنڈہ منڈل ہیڈکوارٹرس پر موسیٰ ندی میں ماہی گیری کے دوران دو بچے لاپتہ ہوگئے۔پولیس کو ایک لاش دستیاب ہوئی ہے جبکہ وہ دوسرے بچے کی تلاش میں ہے۔

☆☆☆☆☆